بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ،راولپنڈی

نمبر: **OIA / 231 / 2026** مورخہ: **25-04-2026**

منجانب: **سیکرٹری**

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات،

گورنمنٹ اورالحاق شدہ پرائیویٹ سکولز وکالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز، واقع حدود تعلیمی بورڈ، راولپنڈی ڈویژن

عنوان: **جماعت نہم و گیارہویں برائے تعلیمی سیشن 28-2026ء میں طلباء و طالبات کی آن لائن رجسٹریشن/داخلہ سے قبل بائیومیٹرک ڈیوائس اور لیپ ٹاپ کی تعلیمی ادارہ میں دستیابی کا معاملہ۔**

تحریر ہے کہ حکومت پنجاب / کنٹرولنگ اتھارٹی کی ہدایات کے مطابق پنجاب بورڈ ز کے زیر اہتمام میٹرک وانٹرمیڈیٹ سطح کے امتحانی مراکز میں امتحان دینے والے طلباء طالبات کیلئے بائیومیٹرک سسٹم لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ جماعت نہم و گیارہویں برائے تعلیمی سیشن 28-2026ء میں طلباء وطالبات کی آن لائن رجسٹریشن داخلہ کے دوران تمام اُمیدواران کے دونوں انگوٹھوں کے فنگر پرنٹس کی لائیو اسکیننگ کی جائے گی۔

درج بالا ہدایات پر عملدرآمد کے سلسلہ میں سربراہان تعلیمی ادارہ جات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بورڈ ہذا کی جانب سے جماعت نہم و گیارہویں برائے تعلیمی سیشن 28-2026ء کا رجسٹریشن شیڈول جاری ہونے سے قبل اپنے تعلیمی ادارہ میں بائیومیٹرک ڈیوائس (Secugen HU20-A Fingerprint Reader) اور لیپ ٹاپ/کمپیوٹر کی دستیابی کو فوری طور پر یقینی بنائیں تاکہ اُمیدواران کی رجسٹریشن کوائف کی آن لائن ڈیٹا انٹری کے موقع پر امیدواران کے دونوں انگوٹھوں کے فنگر پرنٹس کی لائیو اسکیننگ کا عمل بروقت مکمل ہو سکے۔ واضح رہے کہ اُمیدواران کی لائیو اسکیننگ کے بغیر ان کی رجسٹریشن ممکن نہیں ہوگی جسکی تمام تر ذمہ داری متعلقہ سربراہ ادارہ پر عائد ہوگی۔

نوٹ: واضح رہے کہ بورڈ تمام ادارہ جات کو بائیومیٹرک ڈیوائس/لیپ ٹاپ کی خریداری کیلئے کسی بھی قسم کے اخراجات ادا نہیں کرے گا۔

امجد اقبال
سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع!

1۔ پی۔ایس برائے چیئرمین
2۔ پی۔اے برائے سیکرٹری
3۔ پی۔اے برائے کنٹرولر امتحانات
4۔ جملہ آفیسران بورڈ ہذا
5۔ جناب پی آر او تعلیمی بورڈ، راولپنڈی (برائے الیکٹرونک، پرنٹ میڈیا)
6۔ سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)